# ماہ رمضان

کے

# آداب وفضائل

www.ketab.ir

پکھناروی، اخلاق حسین؛ ۱۹۷۰

فضائل و آداب ماہ رمضان، نویسندہ: اخلاق حسین پکھناروی؛ قم: قیام، ۱۳۹۱۔

۷۵ص۔ ISBN: 978-964-2767-35-9

فہرست نویسی براساس اطلاعات فیپا 978-964-2767-35-9

کتابنامہ بصورت زیرنویس

۱۔ فضائل و آداب ماہ رمضان، الف۔ دستور العمل ھا۔ ب۔ واژہ نامہ ھا۔ ج۔ عنوان۔

BP ۱۸۰/۹/۳۸۹۱ ۲۵۶/۱۱۷۱

اسم کتاب: ماہ رمضان کے آداب وفضائل

تألیف: اخلاق حسین پکھناروی

ناشر: انتشارات قیام قم۔ خیابان شہداء کوچہ ممتاز، شمارہ ۱۷، تلفن ۷۷۴۰۵۸۷

باہمکاری دفتر حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ سید عبدالکریم موسوی اردبیلی مدظلہ العالی

نوبت طبع: اوّل

تعداد: ۱۰۰۰

سال نشر: ۱۴۳۳ھ، ۲۰۱۲ء، ۱۳۹۱ش

لیتھوگرافی: اسراء

شابک: ۹۷۸۔۹۶۴۔۲۷۶۷۔۳۵۔۹

چاپ: اسراء

اعداد: دفتر معظم لہ



E - Mail: mousavi@ardebili.org http://www.ardebili.org

ملنے کا پتہ: دفتر حضرت آیت اللہ العظمیٰ آقائے سید عبدالکریم موسوی اردبیلی مدظلہ العالی

کوچہ ممتاز، خیابان صفائیہ، قم۔ ایران

ٹیلی فون: ۷۷۴۲۷۷۱(۰۲۵۱) فیکس نمبر: ۷۷۴۲۱۳۲(۰۲۵۱)



تمام حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

www.ketab.ir

# فہرست مطالب


ماہ رمضان کے فضائل و آداب ........................ ۱۳

کلمۂ رمضان ........................ ۱۴

کیا رمضان خدا کا نام ہے؟ ........................ ۱۷

ماہ رمضان کے اسماء ........................ ۱۸

ماہ رمضان قرآن کی نظر میں ........................ ۲۰

اوصافِ قرآن ........................ ۲۲

ماہ رمضان کی عظمت روایات کی روشنی میں ........................ ۲۵

ماہ رمضان دعا کی روشنی میں ........................ ۴۲

آیۂ مبارکہ صیام کے بارے میں نکات ........................ ۴۵

روزہ دار کے شرائط ........................ ۴۷

فلسفۂ روزہ اقوال معصومین علیہم السلام کی نظر میں ........................ ۵۱

روزہ کے منکر اور نہ رکھنے والے کی سزا ........................ ۵۳


www.ketab.ir

ماہ صیام اس مہینہ میں وارد ہونے والے..........۵۵
ماہ مبارک رمضان میں ہماری ذمہ داریاں..........۵۷
افطار..........۶۴
دسترخوان کے آداب..........۶۷
سحر..........۶۸
زیارت امام حسین علیہ السلام..........۷۳
فہرست منابع وماٰخذ..........۷۴

www.ketab.ir

## باسمہ سبحانہ

رمضان: خداوند متعال کا مہینہ ہے لہٰذا جتنی عظمت و بزرگی خداوند سبحان کی ہے، اتنی ہی اس سے منسوب اس ماہ مبارک رمضان کی ہے، ہر چیز کی اہمیت اور قدر و قیمت اس کی قداست، پاکیزگی، طہارت اور نظافت سے ہوا کرتی ہے۔ خداوند رحمٰن نے سال کے بارہ مہینوں میں صرف رمضان کو اتنی عظمت، کرامت، شرافت اور فضیلت دی ہے، اگرچہ دیگر مہینے بھی فضیلت اور برتری کے حامل ہیں لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ عظمت یوں ہی ہے یا اس میں کوئی نہ کوئی خاص امتیاز اور نمایاں فضائل پائے جاتے ہیں یقیناً بلاوجہ کسی چیز کو اہمیت نہیں دی جاتی اور نہ وہ چیز قابل قدر بن جاتی ہے بلکہ اس کے اسباب و علل، فوائد اور آثار ہوتے ہیں۔ ماہ رمضان وہ مہینہ ہے جس کا قرآن میں صراحت کے ساتھ ذکر ہوا ہے۔ اسی میں قرآن کا نزول ہوا، اسی میں شب قدر جیسی عظیم رات ہے، اسی میں تمام آسمانی کتابوں کا بھی نزول ہے، یہ مہینہ بھوک اور پیاس کی شدت کے احساس کرنے، خیر و برکت، مادی اور معنوی نعمتوں کی برسات، آتش جہنم سے نجات، بخشش و مغفرت کا سامان، اطاعت و بندگی کا

www.ketab.ir

بہترین موقع، تلاوت قرآن کریم کے حسین شب و روز، توبہ اور انابت کی ساعتیں، سعادت اور کمال کی معراج پر پہنچنے کا ذریعہ، راز و نیاز، دعا و درخواست، توبہ و استغفار کے حسین ایام، عبادت اور ریاضت کی خوبصورت گھڑیاں لہٰذا اللہ و رسولؐ کی تعلیمات، آپ کے کردار ساز فرمودات اور انسان دوست ارشادات کی روشنی میں ہمیں اپنے آپ پر نظر کرنی چاہئے کیونکہ خداوند عالم نے ہماری ہدایت اور سعادت کے سارے اسباب فراہم کر دیئے ہیں، قانون کی دائمی کتاب اور اس کتاب قانون کے تعلیم دینے والے استاد اور مربی اور ہدایت کرنے والے انبیاء و رسل بھیجے اب ہم اشرف المخلوقات کو فیصلہ کرنا ہے کہ ہم کیا کریں کہ خدا کے مقرب بندہ، رسول کے محبوب اور حقیقی پروردگار بن جائیں، اور ائمہ علیہم السلام کی شفاعت ہمیں نصیب ہو یا شیطان اور درندہ صفات لوگوں کی راہ کے سالک بن جائیں یقیناً عقل و شعور سے مالا مال انسان راہ سعادت اور نجات کو چھوڑ کر شیطانی اور ضلالت و گمراہی کی راہ پر کبھی گامزن نہیں ہو سکتا بلکہ ہر آن سعادت کی نوید، بشارت کے پیغام اور جنت کا مژدہ اور خوشخبری سننے کا خواہاں ہوگا۔ خداوند وحدہ لاشریک کا جتنا شکر کریں کم ہے بلکہ ہماری زبانیں گنگ، قوت گویائی میں تکلم کی صلاحیت نہیں، قلم میں توصیف کی تاب نہیں، ذہن کی رسائی نہیں ہے۔ کیوں نہ ہو جب کہ دنیا کی رسول اکرمؐ اور آپ کے جانشین حضرت علی علیہ السلام جیسی اعلیٰ ترین مخلوق اس وحدہ لاشریک ذات کی تعریف و توصیف سے عاجز و ناتواں ہے تو پھر ہم کس شمار و قطار میں ہیں ہم صرف اپنے رحمٰن و رحیم خدا سے یہی دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اپنی اور اپنے اولیا کی معرفت

www.ketab.ir

سے ہر آن فیضیاب کرتا ہے۔اور ہماری اور تمام مومنوں کی توفیقات میں اضافہ کرے۔اور ہماری اس مختصر کاوش کوشرف قبولیت عطا کرے۔(الٰہی آمین)

اور آخر کلام میں اپنے محترم قارئین سے درخواست ہے کہ اگر اس میں کوئی خامی اور نقص نظر آئے تو ہمیں ضرور متوجہ کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جاسکے۔

والسلام

اخلاق حسین پکھناروی

www.ketab.ir